# <u>علاقائی خبریں</u>

03 جولائی 2026

1:10 P.M.

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج لکھنؤ میں جدید انتظامی تربیت کے لیے 464 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت سے 22 ایکڑ سے زیادہ کے رقبے پر بنائے گئے ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اتر پردیش ایڈمنسٹریشن اینڈ مینجمنٹ اکیڈمی کے جدید ترین نئے کیمپس کا افتتاح کیا۔

اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ نے ، 9ویں 'اتر پردیش مینگو فیسٹیول 2026' کا افتتاح کیا اور اس کا سووینئر جاری کیا اور ترقی پسند باغبانوں کو اعزاز سے نوازا۔

..........................................................

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے کل لکھنؤ میں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں معذور افراد کو بااختیار بنانے کے محکمے کے کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے شیلٹر ہومز اور ٹریننگ سنٹرز اور ہاف وے ہومز میں رہنے والوں کی دیکھ بھال کے لیے گرانٹ کی رقم دو ہزار روپے سے بڑھا کر تین ہزار روپے ماہانہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ایک رپورٹ-

डिस्पैच.......

..........................................................

دیہی ترقی، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کل تروپتی میں وکست بھارت-جی رام جی ایکٹ، 2025 کا آغاز کیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ یہ ایکٹ ملک میں روزگار کو

یقینی بنانے، دیہی معاش کو مضبوط بنانے اور دیہات کی ترقی کو تیز کرنے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریہ نے پریاگ راج میں ایکٹ کے آغاز کے لیے منعقدہ پروگرام سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اسکیم مزدوروں کو عزت دینے، غریبوں کی مدد کرنے اور دیہی ہندوستان میں دیہاتوں کی پائیدار ترقی کو تیز کرنے کا ایک طاقتور ذریعہ بنے گی۔

.............................................................

ایس آئی ٹی کی ٹیم شری رام مندر چندے کے غبن کے الزامات کی جانچ کے سلسلے میں کل، ایک بار پھر ایودھیا پہنچی۔ ٹیم اپنی تحقیقات جاری رکھتے ہوئے مختلف نقطہ نظر سے تحقیقات کر رہی ہے۔ تفتیش کی مدت 15 جولائی تک بڑھا دی گئی ہے۔ دریں اثنا، ایودھیا ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے شری رام مندر چندے کے غبن کیس کے ایک ملزم لوکش مشرا سے جڑی ایک زیر تعمیر جائیداد کو نوٹس جاری کیا ہے۔ سیکرٹری اے ڈی اے نے بتایا کہ نوٹس بلڈنگ ریگولیشنز کی مشتبہ خلاف ورزیوں کی وجہ سے جاری کیا گیا۔ ایک رپورٹ-

डिस्पैच.......

.............................................................

اتر پردیش ٹیچر اہلیت ٹیسٹ یو پی ٹی ای ٹی 2026 اج لکھنو کے مختلف مراکز پر دوسرے دن بھی منعقد ہو رہا ہے ۔ کل چار جولائی تک ہونے والے امتحان کے لیے ریاست کے مختلف ضلعوں اور دوسری ریاستوں سے بھی لوگ لکھنو ائے ہیں۔انتظامیہ نے امتحان کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی انتظامات کیے ہیں۔ بائیو میٹرک کے بغیر کسی امیدوار کو سنٹرز میں داخل نہیں کیا جا رہا ہے۔ سیکیورٹی کے بھی وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔

.............................................................

مرکزی حکومت کی ایمپلائیز پراویڈنٹ فنڈ اسکیم- 2026، 29 جون سے لاگو ہو گئی ہے- نئی اسکیم نے 1952 کی ایمپلائیز پراویڈنٹ فنڈ اسکیم کی جگہ لی ہے- اس سکیم کا مقصد ڈیجیٹل تعمیل کو مضبوط کرنا، انتظامی کارکردگی کو بہتر بنانا، اکاؤنٹ کی منتقلی کو آسان بنانا، اور لیبر پروویڈنٹ فنڈ کے نئے ڈھانچے کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہے- نئی اسکیم کے تحت، لازمی ای پی ایف کا حصہ ملازم اور آجر دونوں کے لیے تنخواہ کے 12 فیصد پر رہے گا- 10 فیصد کی موجودہ شرح مرکزی حکومت کے ذریعہ مطلع کردہ اداروں پر لاگو رہے گی- اسکیم میں جزوی رقم نکالنے کے قوانین کو بھی اپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے-

..............................................................

محکمہ موسمیات نے آج سے اگلے تین دن تک ریاست کے مشرقی اور مغربی ڈویژنوں میں بارش کی پیش گوئی کی ہے- دریں اثنا، ریاست میں مانسون کی آمد سے لوگوں کو شدید گرمی سے راحت ملی ہے، حالانکہ کئی اضلاع میں لوگوں کو اب بھی نمی کا سامنا ہے- جنوب مغربی مانسون منگل سے سرکاری طور پر اتر پردیش میں داخل ہو گیا ہے- محکمہ موسمیات نے کئی اضلاع میں موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی ہے-

..............................................................